03 مئی 2018ء

اسٹیٹ بینک کی جانب سے ذمہ دارانہ بینکاری طرز عمل پر سیمینار کا انعقاد

بینک دولت پاکستان نے "ذمہ دارانہ بینکاری طرز عمل، ایک ثقافتی تبدیلی" کے عنوان سے اسٹیٹ بینک ہیڈ کوارٹرز کراچی میں 03 مئی 2018ء کو ایک سیمینار منعقد کیا۔ اس تقریب کے انعقاد کا مقصد بینکاری صنعت کی پائیدار ترقی کے لیے بینکوں میں ذمہ دارانہ طرز عمل کی ثقافت کی اہمیت اجاگر کرنا تھا۔ اس تقریب کا افتتاح ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک جناب جمیل احمد نے کیا۔

اپنے افتتاحی خطاب میں ڈپٹی گورنر جناب جمیل احمد نے کہا کہ صرف درست ثقافت کو فروغ دے کر ہی سینئر مینجمنٹ اپنے اچھے عزائم کو صارفین کے لیے شفاف نتائج میں بدل سکتی ہے اور اس کے نتیجے میں بینکس پائیدار بنیادوں پر نفع یابی اور نمو حاصل کر سکتے ہیں۔ چیئرمین پاکستان بینکس ایسوسی ایشن (PBA) جناب آفتاب منظور نے صارفین کے ساتھ شفاف برتاؤ (FTC) کو فروغ دینے کے لیے اسٹیٹ بینک کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بینک بھی درست ثقافت کو فروغ دینے پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں، جو ذمہ دارانہ بینکاری طرز عمل کا ایک کلیدی جزہے۔

مقامی اور بیرونی ماہرین نے بھی ذمہ دارانہ بینکاری طرزِ عمل کی ثقافت کی فعالیت اور اس کے انتظام کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ سینٹرل بینک آف برازیل سے تعلق رکھنے والے جناب سرگیو گومیز (Sergio Gomez) نے طرز عمل اور ثقافت کی نگرانی کے حوالے سے برازیل کے مرکزی بینک کے تجربے پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک لمیٹڈ (SCBL) سنگاپور سے تعلق رکھنے والے شہزاد عارف اور ایڈورڈ ڈنکن نے صارفین کے ساتھ شفاف برتاؤ یقینی بناتے ہوئے ایک عالمی بینک کے طور پر اس کے انتظام اور پیمائش پر اپنے تجربات کا تبادلہ کیا۔ پی ڈبلیو سی کے پارٹنر سید فراز نے ثقافت کے لیے پیمائشی تکنیکوں پر زور دیا۔ تقریب کی میزبانی کرنے والے شعبے بینکاری طرزِ عمل اور تحفظِ صارف (BC & CPD) نے اسٹیٹ بینک کے صارفین کے ساتھ شفاف برتاؤ کے نظام، متعلقہ ضوابطی توقعات اور مستقبل کا لائحہ عمل پیش کیا۔

سیمینار کے اختتام پر ڈائریکٹر شعبہ بینکاری طرز عمل اور تحفظ صارف (BC & CPD) جناب محمد اکمل نے اپنے اختتامی کلمات میں زور دیا کہ ذمہ داری کی ثقافت کو اسٹیٹ بینک میں ترجیحی حیثیت حاصل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک کو توقع ہے کہ بینک اپنے کاروبار کو ذمہ دارانہ طریقے سے انجام دے کر ایسی ثقافت کو فروغ دیں گے جس سے ضوابط کی روح کو تقویت ملے گی۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اسٹیٹ بینک دیگر بینکوں کے اشتراک سے بینکاری صنعت کو ذمہ دارانہ بینکاری طرزِ عمل اور مالی استحکام کی نئی بلندیوں تک لے جاسکتا ہے۔

سیمینار میں بینکوں اور دیگر متعلقہ فریقوں بشمول ایس ای سی پی، پی بی اے اور پی ایم این کی اعلیٰ انتظامیہ نے بھی شرکت کی۔

****